# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ17 جولائی ، 2017

چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا صاحب 21 جولائی 2017 کو بہترین کارکردگی دکھانے والے الیکشن کمیشن کے افسران کو تعریفی شیلڈ اور انعام دیں گے۔ تفصیلات کے مطابق پچھلے ایک سال میں الیکشن کمیشن نے دو نہایت اہم قومی فریضے احسن طریقے سے پورے پاکستان کے تمام اضلاع میں سرانجام دیئے۔ جس میں ایک ووٹر آگاہی مہم اور دوسرا ملک کےتمام 70 ہزار پولنگ اسٹیشن میں (جی-آئی-ایس) سروے کرنا شامل ہیں۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن آف پاکستا ن نے پورے ملک کے 70 ہزار پولنگ اسٹیشنوں کو گوگل میپ سے منسلک کرنے کے ملک گیر مہم اور ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کی بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران او ر اہلکاروں کو چیف الیکشن کمشنرجناب جسٹس سردار محمد رضا کی جانب سے تعریفی شیلڈ اور اعزازیہ دینے کافیصلہ کیا ہے ۔ ان قابل تحسین افسران میں صوبہ پنجاب سے تین افسران علیم شہاب ریجنل الیکشن کمشنر (گجرنوالہ ) ابرا ر احمد جتوئی ۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (راجن پور)اور اقرء شوکت الیکشن آفیسر (شیخوپورہ) سندھ سے تین افسران احمد کلہوڑو۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (حیدر آباد) محمد علی عباس ۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (عمرکوٹ) نعیم الرحمن ۔ الیکشن آفیسر (نوشہرو فیروز )صوبہ خیبر پختونخواہ وفاٹا سے تین افسران حبیب الرحمن ۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (بنوں) ظہور شاہ ۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (لکی مروت) محمد ندیم خان ۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (ڈی۔ آئی ۔خان) بلوچستان سےچار افسراننديم اصغر پالال ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (پنجگور)۔ محمد احسن ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (سبی ) سید احسان اللہ شاہ۔ الیکشن آفیسر (نوشکی) ۔ مدیحہ سلیم ۔سئنیر اسسٹنٹ (بلوچستان ۔ ہیڈ کواٹر ) شامل ہیں۔

*********